بند کیجئے پرنٹ کیجئے اپنے احباب کو ای میل کیجئے

جنگ

Share

بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ گھنٹوں تعطل سے پانی کی قلت

انٹر کے امتحانات دینے والے طلبہ کو مشکلات کا سامنا، کے الیکٹرک کی جانب سے بریک ڈاؤن اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کی تردید

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی میں شیڈول سے ہٹ کر لوڈشیڈنگ اور مختلف مقامات پر طویل تعطل نے شہریوں کی زندگی اجیرن کردی بجلی کے گھنٹوں تعطل سے متعدد علاقوں میں پانی کی بھی قلت ہوگئی جمعرات کی شب اور جمعے کو مختلف علاقوں میں کئی گھنٹے بجلی بند رہنے سے لوگوں کے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہوئے نماز جمعہ کے اجتماعات میں بھی بجلی بند رہنے کی اطلاعات ملیں۔ تفصیلات کے مطابق بلدیہ ٹاؤن کے بڑے حصے میں 12 گھنٹے تک بجلی کا طویل تعطل رہا مکینوں کے مطابق رات چار بجے بند ہونے والی بجلی جمعے کی دوپہر بحال ہوئی۔ شادمان ٹاؤن کے ڈی اے ٹی این ٹی فلیٹس میں جمعرات کی صبح 4 بجے سے جمعے کی صبح تک بجلی بند رہنے سے لوگوں کو شدید پریشانیوں کا سامنا رہا کورنگی نمبر 5 آئی ایریا، سیکٹر 11 سی نارتھ کراچی سمیت متعدد مقامات سے مکینوں نے بتایا کہ گزشتہ چند روز سے جیسے ہی گرمی میں اضافہ ہوا ہے کے الیکٹرک نے لوڈشیڈنگ کے دورانیئے میں اضافہ کے ساتھ شیڈول سے ہٹ کر بھی بجلی بند کرنا شروع کردی ہے۔ نماز جمعہ کے دوران بھی بعض علاقوں میں بجلی کی سپلائی بند رہی بجلی کے بار بار اور طویل تعطل سے انٹر کے امتحانات میں مشغول طلبہ کو تیاری میں مشکلات کا سامنا ہے۔ شہریوں نے شکایت کی کہ کمپلینٹ سینٹر کی کارکردگی بھی اچھی نہیں رہی اگر کوئی شکایت کرنا چاہے تو صارف اکاؤنٹ نمبر 13 ہندسے فیڈ کرنے کے باوجود بھی کوئی معلومات فراہم نہیں کی جاتیں نمائندے سے بات کرنے کا آپشن بھی اٹینڈ نہیں کیا جاتا جس سے صارفین کو بجلی کی بندش یا لوڈشیڈنگ کے بارے میں صحیح معلومات نہیں مل پاتیں بجلی کے تعطل میں اضافے سے پانی کے حصول میں بھی لوگوں کو مشکلات میں خاص کر جن علاقوں میں رات کو بجلی بند رہتی ہے نیند پوری نہ ہونے سے اگلے روز ان کے معمولات زندگی بری طرح متاثر ہوتے ہیں۔ دریں اثناء کے الیکٹرک کے ترجمان نے شہر میں کسی بھی علاقے میں بریک ڈاؤن کی تردید کرتے ہوئے کہا کہ ہوسکتا ہے کہ کہیں مقامی فالٹ آیا ہو لیکن اسے بھی کے الیکٹرک کی ٹیمیں فوری دور کرنے کی کوشش کرتی ہیں ترجمان نے مزید کہا کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ بھی نہیں کی جارہی ہے۔ علاقے میں مرمت کے کاموں کی غرض سے جب شٹ ڈاؤن کیا جاتا ہے تو اس کی بھی پیشگی اطلاع دی جاتی ہے۔

マイクロソフトのクラウド
microsoft.com
柔軟なソリューションを幅広く提供し、ビジネスに変革をもたらします。

ShareThis

آج کا اخبار پڑھئے